رسائلِ نعیمیہ

حضرت حکیم الامت مفتی احمد یار خاں نعیمی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ
کے آٹھ مختلف رسائل اور چھوٹی کتب کا مجموعہ

صاحبزادہ اقتدار احمد خاں نعیمی قادری بدایونی مالک نعیمی کتب خانہ گجرات

ناشر:
الفاروق بک فاؤنڈیشن لاہور

فہرستِ رسائل

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اسلام اور کلمۂ طیبہ

س ۔ دینِ محمدی کو اسلام کیوں کہتے ہیں ؟
ج ۔ اس لئے کہ اسلام سلم سے بنا ہے ۔ جس کے معنی ہیں صلح یا اطاعت فَاِنۡ جَنَحُوۡا لِلسَّلۡمِ فَاجۡنَحۡ لَہَا ۔ لہذا اسلام کے معنی ہوئے ' رب اور اس کے رسول کی اطاعت کرنا ۔ متقی مسلمان اپنے عقیدہ اور عمل سے رب کی اطاعت کرتا ہے لہذا مسلم یعنی مطیع ہے ۔ گنہگار مسلمان اگرچہ بدعملی میں گرفتار ہے مگر رب کا باغی نہیں اپنے کو مجرم سمجھتا ہے لہذا وہ بھی مسلم ہے ۔
س ۔ کیا گذشتہ پیغمبروں کے دین کا نام بھی اسلام تھا ؟
ج ۔ نہیں ۔ بعض انبیاء کرام کو لغوی معنی سے مسلم اور ان کے اعمال کو اسلام کہا گیا ہے ۔ جیسے فَلَمَّا اَسۡلَمَا وَتَلَّہٗ لِلۡجَبِیۡنِ حَنِیۡفًا مُّسۡلِمًا ۔ مگر اسلام نام صرف اسی دینِ محمدی کا ہوا ۔ رب فرماتا ہے : ھُوَ سَمّٰکُمُ الۡمُسۡلِمِیۡنَ ۔ یا وَمَنۡ یَّبۡتَغِ غَیۡرَ الۡاِسۡلَامِ دِیۡنًا فَلَنۡ یُّقۡبَلَ مِنۡہُ ۔ جیسے قرآن نے لغوی معنی سے بعض بندوں کو رب یا مصطفٰے فرمایا ہے ۔ اِرۡجِعۡ اِلٰی رَبِّکَ ۔ مگر اصطلاح میں رب خدا کا مصطفٰے حضور کا نام ہے ۔
س ۔ عبادات کے لئے ایمان کی کیا ضرورت ہے جو بھی نیکی کرے اسے ثواب ملنا چاہیئے ۔ جو بھی روٹی کھاتا ہے اسے بھوک سے نجات ملتی ہے ۔
ج ۔ اس لئے کہ نیک اعمال روحانی غذائیں ہیں اور کفر زہر ۔ اگر بہ پانی میں